SUN.27.July.2025
VOLUME:20 NO:182
Mob:8055362952
Price: 3=00
Pages=4

waraquetaza.com
waraquetaza.com/E-paper

Established May 1994 :قائم شدہ: مئی

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت

بروز اتوار 27/جولائی 2025
جلد:20 شمارہ: 182
یکم/صفرالمظفر 1447ھ
قیمت 00=3روپے
صفحات: 4

# ورقِ تازہ
ناندیڑ

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
waraquetazadaily@rediffmail.com-Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in
HON'RY EDITOR:Mohd.Taqui (M.A,B.Ed)
اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اے، بی۔ایڈ)

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MJ
MUSKAN
JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

الحاج قاضی نوید محی الدین صدیقی
M.: 9960532993
7249532993
KJ
کنگن جویلرس
KANGAN
JEWELLERS
اسحاق ٹاور، صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔
ہمارے پاس ترکش، کویتی، عربی سونے کے زیورات تیار اور آرڈر کے مطابق بنا کر دیئے جاتے ہیں۔

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MJ
MUSKAN
JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

## بی جے پی کو اس کے گڑھ گجرات میں شکست دینے پر زور

### راہول گاندھی کا گجرات میں پارٹی کارکنوں سے خطاب، الیکشن کمیشن پر بھی تنقید




احمد آباد-26/جولائی (ایجنسیز) لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف گاندھی نے سنگاٹھن سوجن ابھیان (پارٹی تنظیم کو مضبوط کرنے کی مہم) کے تحت کانگریس کے ضلعی صدور کے تربیتی کیمپ سے اپنے خطاب کے دوران الیکشن کمیشن کو تنقید کا نشانہ بنایا اور متعصب اور جانبدار ہونے کا الزام عائد کیا۔ انہوں نے پارٹی ورکرس اور قائدین پر بی جے پی کو اس کے گڑھ یعنی گجرات میں شکست دینے پر زور دیا اور کہا کہ یہ ضروری ہے۔ راہول گاندھی ہفتہ کو ایک روزہ دورے پر گجرات کے آنند ضلع پہنچے جہاں انہوں نے پارٹی کی ضلع اکائیوں کے نومنتخب سربراہوں سے خطاب کیا۔ یہ پروگرام 'سنگٹھن سریجن ابھیان' کے تحت منعقد تین روزہ تربیتی کیمپ کا حصہ ہے جس کا مقصد 2027 کے ریاستی اسمبلی انتخابات سے قبل پارٹی کو زمینی سطح پر مضبوط کرنا ہے۔ راہول گاندھی نے اپنے دورے کا آغاز وڈودرا ہوائی اڈے سے کیا۔ آنند کے نواح میں واقع ایک ریزورٹ میں تربیتی کیمپ جاری ہے جس میں گجرات بھر کے ضلعی صدور اور پارٹی کارکنان شرکت کر رہے ہیں۔ یہ کیمپ 28 جولائی تک جاری رہے گا۔ راہول گاندھی نے اس کیمپ کے دوران پارٹی رہنماؤں کو آئندہ سیاسی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تیار رہنے کی تلقین کی۔ انہوں نے زور دیا کہ مقامی سطح پر تنظیم کو متحرک اور مربوط بنانا پارٹی کی کامیابی کیلئے ناگزیر ہے۔ یہ تربیتی سیشن کانگریس کے 'مشن 2027' کا حصہ ہے، جس کا نشانہ ریاست میں پارٹی کی سابقہ پوزیشن کو بحال کرنا اور بی جے پی کے غلبہ کو چیلنج کرنا ہے۔ راہول گاندھی نے اپنے خطاب میں کہا کہ پارٹی کو گاؤں، قصبے اور ہر محلے کی سطح تک متحرک کیا جانا چاہیے تاکہ عوام کے حقیقی مسائل پر آواز بلند کی جا سکے۔ دورے کے دوران راہول گاندھی کی مقامی ڈیری کسانوں اور کوآپریٹو شعبہ کے رہنماؤں سے ملاقات بھی طے ہے۔ یہ ملاقات حال ہی میں ہمت نگر میں سابر ڈیری کے باہر دودھ کی خریداری قیمتوں میں کمی کے خلاف کسانوں کے مظاہروں کے پس منظر میں ہے۔ مظاہرین نے شکایت کی تھی کہ حکومت کسانوں کے حق میں فیصلے کرنے کے بجائے ان کے معاشی مفادات کو نظر انداز کر رہی ہے۔ کانگریس کا کہنا ہے کہ وہ کسانوں کی آواز بن کر ابھرے گی اور ان کے مسائل کو اسمبلی اور پارلیمان دونوں میں اٹھایا جائے گا۔ قابل ذکر ہے کہ حال ہی میں کانگریس نے گجرات کے تمام اضلاع میں نئی ضلعی قیادت کا تقرر کیا ہے۔ اس اقدام کو تنظیمی ڈھانچے کی اصلاح اور ریاست میں اپنی بنیاد کو از سر نو مضبوط کرنے کی کوشش قرار دیا جا رہا ہے۔ راہول گاندھی کا یہ دورہ تنظیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ زمینی سطح پر کارکنوں سے براہ راست جڑنے اور آنے والے انتخابات کی تیاریوں کو رفتار دینے کی ایک کوشش بھی ہے۔

### ریلوے کی بڑی کارروائی: آئی آر سی ٹی سی کے 2.5 کروڑ سے زائد مشتبہ صارفین کے کھاتے غیر فعال

نئی دہلی: ریلوے نے ٹکٹوں کی فرضی بکنگ اور خودکار نظام کے غلط استعمال پر شکنجہ کستے ہوئے آئی آر سی ٹی سی کے 2.5 کروڑ سے زائد صارفین کے کھاتوں کو غیر فعال کر دیا ہے۔ یہ قدم مشتبہ بکنگ پیٹرن، فرضی اکاؤنٹس اور غیر مجاز سافٹ ویئر کے ذریعے ٹکٹ بکنگ کرنے والے صارفین کے خلاف بڑے پیمانے پر کی گئی ڈیجیٹل کارروائی کا حصہ ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق اس مہم کا مقصد عام مسافروں کو پریشانی سے بچانا اور سسٹم کو شفاف بنانا ہے۔ دراصل ان اکاؤنٹ کے ڈی-ایکٹیو ہونے سے پہلے تتکال ٹکٹ بکنگ میں کئی طرح کے مسائل پیش آ رہے تھے۔ اکثر دیکھا جا رہا تھا کہ تتکال بکنگ ونڈو کھلنے کے کچھ ہی منٹوں میں ٹکٹ غائب ہو جاتے تھے کیونکہ باٹس کا استعمال کر کے ایجنٹ سارے ٹکٹ غائب کر دیتے تھے، جس سے عام مسافر ٹکٹ بک نہیں کر پاتا تھا۔ حالانکہ اب تبدیلی کے بعد ریلوے مسافروں کو بڑی راحت ملتی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔ پارلیمنٹ میں حکومت نے بتایا کہ ٹکٹ بکنگ سسٹم میں گڑبڑیوں کو روکنے کے لیے آئی آر سی ٹی سی نے حال ہی میں 2.5 کروڑ سے زیادہ یوزر آئی ڈی ڈی ایکٹیو کیے ہیں کیونکہ ان یوزرس کی آئی ڈی مشتبہ پائی گئی تھی۔

### بنگالی بولنے والے مسلمانوں کو

## بندوق کی نوک پر بھیجا جا رہا بنگلہ دیش: اسدالدین اویسی



آسام اور ہریانہ سمیت کئی ریاستوں میں بنگالی بولنے والے مسلمانوں کو حراست میں لیے جانے کے معاملہ پر اسد الدین اویسی نے سخت اعتراض کیا ہے۔ اے آئی ایم آئی ایم کے صدر اویسی نے کہا کہ "یہ لوگ ہندوستانی شہری ہیں، لیکن انہیں بندوق کی نوک پر بنگلہ دیش بھیجا جا رہا ہے۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں مسلمانوں کے ساتھ امتیازی سلوک کر رہی ہیں۔ اسد الدین اویسی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ "ہندوستان کے مختلف حصوں میں پولیس بنگالی زبان بولنے والے مسلم شہریوں کو غیر قانونی طور پر حراست میں لے رہی ہے اور ان پر بنگلہ دیشی ہونے کا الزام عائد کر رہی ہے۔ بندوق کی نوک پر ہندوستانی شہریوں کو بنگلہ دیش بھیجے جانے کی پریشان کرنے والی خبریں سامنے آ رہی ہیں۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ "یہ حکومت کمزوروں کے ساتھ سختی سے پیش آ رہی ہے۔ جن لوگوں پر غیر قانونی تارکین وطن ہونے کا الزام عائد کیا جا رہا ہے، ان میں سے زیادہ تر غریب لوگ ہیں۔" اویسی کے مطابق جن لوگوں کو بنگلہ دیشی بتایا جا رہا ہے ان میں جھگی-جھونپڑی میں رہنے والے، صفائی کرنے والے، کوڑا چننے والے اور گھریلو ملازمین وغیرہ ہیں۔ انہیں بار بار نشانہ بنایا جاتا ہے کیونکہ وہ پولیس کے مظالم کا مقابلہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ انہوں نے ایک اور 'ایکس' پوسٹ میں لکھا کہ "پولیس کے پاس کسی بھی شخص کو صرف اس لیے حراست میں لینے کا حق نہیں ہے کہ وہ کوئی خاص زبان بولتا ہے۔ یہ وسیع حراست غیر قانونی ہیں۔" قابل ذکر ہے کہ کچھ روز قبل پولیس نے پونے شہر سے 5 بنگلہ دیشی خواتین کو گرفتار کیا تھا۔ 20 سے 28 سال کی عمر کے درمیان کی یہ خواتین بغیر کسی درست دستاویزات کے ہندوستان میں رہ رہی تھیں۔ دوسری جانب آسام کی ہیمنت بسوا کی حکومت نے غیر قانونی بنگلہ دیشیوں کو بڑے پیمانے پر نکالنا شروع کر دیا ہے۔ آسام حکومت کا کہنا ہے کہ جب تک قبائلیوں کی زمینیں خالی نہیں کرا لی جاتیں تب تک یہ مہم جاری رہے گی۔

### 'راہل گاندھی دوسرے امبیڈکر ثابت ہوں گے'، دلت لیڈر کا دعویٰ

تلنگانہ میں ریاستی حکومت ایس سی اور ایس ٹی طبقات کے سرمایہ کاروں کو کارپوریٹ شعبہ میں آگے بڑھانے کے لیے کئی منصوبے چلا رہی ہے۔ تلنگانہ کی اسی پیش قدمی پر کانگریس لیڈر اُدت راج کا ایک بیان سامنے آیا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ جس طرح تلنگانہ حکومت ایس سی اور ایس ٹی طبقات کے لیے منصوبے چلا رہی ہے، راہل گاندھی او بی سی کے لیے اس طرح کا منصوبہ پورے ملک میں چلانا چاہتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر او بی سی راہل گاندھی کے نظریات کو سمجھیں گے تو وہ ملک کے دوسرے امبیڈکر ثابت ہوں گے۔ دراصل راہل گاندھی نے گزشتہ روز تالکٹورہ اسٹیڈیم میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ انھوں نے اپنے سیاسی کیریئر میں او بی سی طبقہ کے لیے کچھ نہیں کیا۔ یہ ان کی سب سے بڑی غلطی تھی۔ انھوں نے کہا کہ جو کام میں او بی سی طبقہ کے لیے اب تک نہیں کر پایا، اسے اب دوگنی رفتار سے کروں گا۔ راہل گاندھی کے اس نظریہ کی اُدت راج نے تعریف کی۔ ساتھ ہی انھوں نے کہا کہ تلنگانہ میں ڈاٹا اکٹھا کیا گیا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ کارپوریٹ شعبہ میں کتنے ایس سی اور ایس ٹی سرمایہ کار ہیں، اور ان میں سے کتنوں کے پاس ملازمت ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہی بات راہل گاندھی پورے ملک کے لیے کرنا چاہتے ہیں۔ ان کی باتوں میں بہت دور اندیشی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ہم پسماندوں یا دلتوں کو آگے لائیں گے تو ہمارے ملک میں معیشت بڑھے گی۔ اس سے سماج میں موجود عدم مساوات کم ہوگی۔ دلت لیڈر اُدت راج نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ او بی سی کو سوچنا پڑے گا کہ تاریخ بار بار ترقی کے لیے موقع نہیں دیتی۔ تالکٹورہ اسٹیڈیم میں راہل گاندھی نے جو کچھ کہا، اس پر عمل شروع کر دیں اور ساتھ دیں۔

## ممبئی ایئرپورٹ پر بم کی اطلاع سے افراتفری

### چپے چپے کی تلاشی کے بعد دھمکی افواہ ثابت ہوئی



ممبئی۔26/جولائی (ایجنسیز) پولیس کنٹرول روم کو یکے بعد دیگرے تین الگ الگ نمبروں سے آئے دھمکی بھرے فون سے ہنگامہ مچ گیا۔ فون کرنے والے نے دعویٰ کیا کہ ممبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بم رکھا ہے اور کچھ ہی دیر میں زوردار دھماکہ ہونے والا ہے۔ اس کے بعد ایئرپورٹ میں موجود سیکوریٹی اہلکار مستعد ہو گئے اور پورے احاطے میں تلاشی مہم شروع کر دی گئی۔ اس تلاشی میں کچھ بھی مشتبہ چیز ملنے کی اطلاع نہیں ہے۔ ایک افسر نے بتایا کہ پولیس کو جمعہ کی دیر رات چھترپتی شیواجی مہاراج بین الاقوامی ہوائی اڈے کے ٹرمینل 2 پر دھمکی بھرا فون آیا۔ اس دھمکی کے بعد پورے ہوائی اڈہ احاطے میں افراتفری مچ گئی۔ ہوائی اڈہ انتظامیہ نے الرٹ جاری کرتے ہوئے تلاشی مہم شروع کر دی جو تین گھنٹے تک چلی۔ حالانکہ جانچ میں کچھ بھی مشتبہ نہیں ملا اور ممبئی پولیس کے کنٹرول روم میں آیا یہ فون کال فرضی اور یہ دھمکی افواہ ثابت ہوئی۔ افسر نے بتایا کہ ایک اور کال بھی آیا تھا جس میں دعویٰ کیا گیا کہ دھماکہ شام 6.15 بجے ہوگا۔ جانچ میں پتہ چلا کہ دونوں فون ایک ہی شخص نے کیے تھے۔ اس کے خلاف معاملہ درج کر کے آگے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔ ایک دیگر افسر نے بتایا کہ ریلوے پولیس کے کنٹرول روم کو بھی چھترپتی شیواجی مہاراج ٹرمینس پر دھماکہ ہونے کا دھمکی بھرا فون آیا تھا حالانکہ بم ڈسپوزل دستے اور ڈاگ اسکواڈ کے ذریعہ گہری جانچ کے بعد یہ بھی ایک فرضی فون کال ثابت ہوا۔ ابتدائی جانچ میں سامنے آیا ہے کہ یہ دھمکی بھرے کال آسام اور مغربی بنگال سرحد کے پاس فعال موبائل نمبروں کا استعمال کر کے کیے گئے تھے۔ ممبئی کی آزاد میدان پولیس نے نامعلوم فون کرنے والے کے خلاف جانچ شروع کر دی ہے۔

### لڑکی سے چلتی ایمبولینس میں عصمت دری

گیا: بہار کے ضلع گیا سے ایک انسانیت سوز واقعہ سامنے آیا ہے جس نے ریاست بھر میں سنسنی پھیلا دی ہے۔ ہوم گارڈ کی بھرتی کے لیے دوڑ میں شریک ایک نوجوان خاتون امیدوار کے ساتھ چلتی ایمبولینس میں زیادتی کی گئی۔ 'آج تک' کی رپورٹ کے مطابق، پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایمبولینس ڈرائیور اور ٹیکنیشن کو گرفتار کر لیا ہے۔ یہ واقعہ جمعرات کے روز بودھ گیا کے بی ایم پی 3 پریڈ گراؤنڈ پر اس وقت پیش آیا جب ریاست میں ہوم گارڈز کی بھرتی کے لیے جسمانی ٹیسٹ ہو رہے تھے۔ دوڑ کے دوران ایک نوجوان خاتون امیدوار اچانک بیہوش ہو گئی۔ موقع پر موجود عملے نے ایمبولینس کو فوری طور پر بلایا تاکہ اسے اسپتال پہنچایا جا سکے۔ متاثرہ لڑکی کو ایک ایمبولینس میں ڈرائیور ونے کمار اور ٹیکنیشن اجیت کمار کے ساتھ اسپتال لے جایا گیا۔ تاہم اسپتال پہنچنے کے بعد جب لڑکی کو ہوش آیا تو اس نے ڈاکٹروں کو بتایا کہ اسپتال لے جاتے وقت چلتی ایمبولینس میں اس کے ساتھ زیادتی کی گئی۔ ڈاکٹروں نے فوری طور پر پولیس کو مطلع کیا۔ پولیس نے سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو گھنٹوں کے اندر اندر دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا۔

### بہار میں ووٹر لسٹ سے نام ہٹانا

### جمہوریت کا دم گھونٹنے کے مترادف: منوج جھا

نئی دہلی: بہار میں ووٹر لسٹ کی خصوصی گہری نظرثانی (ایس آئی آر) کے پہلے مرحلے کے اختتام کے بعد سیاسی ہلچل تیز ہو گئی ہے۔ اس عمل پر راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کے سینئر رہنما اور رکن پارلیمان منوج جھا نے شدید اعتراضات کیے ہیں۔ منوج جھا نے کہا کہ کسی بھی ووٹر، خواہ وہ کسی بھی پارٹی کا حامی ہو، کا نام ووٹر لسٹ سے ہٹانا جمہوری عمل کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔ انہوں نے اس اقدام کو 'جمہوریت پر سیاہ داغ' قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ اس سے جمہوریت کا دم گھٹ سکتا ہے۔ آر جے ڈی رہنما نے ایک نیوز ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ ووٹر لسٹ کے مکمل اپلوڈ ہونے کے بعد ہر پہلو کی گہرائی سے جانچ کریں گے۔ منوج جھا نے 28 جولائی کو سپریم کورٹ میں ہونے والی سماعت کا بھی حوالہ دیا، جس میں ووٹر ویری فکیشن کے عمل کی شفافیت اور قانونی حیثیت پر بات ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں سپریم کورٹ سے انصاف کی امید ہے۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ الیکشن کمیشن کی موجودہ کارروائیوں کا انداز ایسا ہے جیسے وہ 'بے دخلی کی مہم' چلا رہا ہو، جس سے بہت سے مستحق ووٹرز کے نام فہرست سے غائب ہو سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ بہار میں ووٹر لسٹ کی خصوصی جانچ کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے لیکن اپوزیشن کی طرف سے بار بار یہ الزام لگایا جا رہا ہے کہ حکومت جان بوجھ کر حقیقی ووٹروں کے نام حذف کر رہی ہے تاکہ انتخابی نتائج پر اثر ڈالا جا سکے۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن نے ان الزامات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی اہل ووٹر کا نام ووٹر لسٹ سے نہیں ہٹایا جائے گا۔ کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ یکم اگست سے یکم ستمبر تک ہر ووٹر اور سیاسی پارٹی کو موقع دیا جائے گا کہ وہ بی ایل او یا بی ایل اے سے ہوئی کسی بھی ممکنہ غلطی کی اصلاح کے لیے درخواست دے سکیں۔ اگر کسی مستحق شخص کا نام چھوٹ گیا ہو یا کسی غیر مستحق کا نام شامل ہو گیا ہو، تو وہ درستگی کے لیے معلومات دے سکتا ہے۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ اس پورے عمل کا مقصد ووٹر لسٹ کو زیادہ شفاف، درست اور قابل بھروسا بنانا ہے، نہ کہ کسی خاص طبقے کو نشانہ بنانا۔ اس کے باوجود، منوج جھا سمیت کئی اپوزیشن لیڈران اسے شک کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔

## بہار میں بڑھتے جرائم پر گہری تشویش کا اظہار

### مجھے دُکھ ہے کہ ایسی حکومت کی حمایت کر رہا ہوں: چراغ پاسوان



پٹنہ۔26/جولائی (ایجنسیز) بہار میں 2 ماہ بعد اسمبلی انتخاب ہونے والا ہے۔ اس سے قبل یہاں کی سیاست میں خوب ہلچل دیکھی جا رہی ہے۔ اپوزیشن اور حکومت ایک دوسرے پر سنگین الزامات عائد کر رہے ہیں۔ اس درمیان لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے سربراہ اور مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے لگاتار ہو رہے جرائم کے واقعات پر حکومت کو کٹہرے میں کھڑا کر دیا ہے اور اس پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ مجھے دُکھ ہے کہ میں ایسی حکومت کی حمایت کر رہا ہوں جہاں جرائم بے قابو ہو گئے ہیں۔ بہار میں گزشتہ کچھ دنوں سے لگاتار قتل کی خبریں سامنے آ رہی ہیں۔ گزشتہ ایک ماہ کے اندر 50 سے زائد قتل کے معاملے سامنے آئے ہیں۔ بر سر عام گولی چلائے جانے کے کئی واقعات دیکھنے پیش آ چکے ہیں اور ہاسپٹل میں ہوئے قتل واقعہ نے لوگوں کو خوفزدہ کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب حکومت سے سوال کیے جا رہے ہیں۔ حکومت کی حمایت کرنے والی سیاسی پارٹیاں بھی اب سوال کھڑے کر رہی ہیں۔ بہار میں بڑھتے ان جرائم کے واقعات پر مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے کہا کہ جس طرح سے جرم ہو رہے ہیں، انتظامیہ مجرموں کے سامنے پوری طرح بے بس ہو گئی ہے۔ یہ درست ہے کہ ان حادثات کی مذمت ضرور ہے لیکن ایسے واقعات کیوں ہو رہے ہیں؟ اس پر بات کرنا ضروری ہے۔ جرائم کا ایک سلسلہ جاری ہے۔ اگر یہ ایسے ہی چلتا رہا تو حالات خوفناک ہو جائیں گے بلکہ خوفناک ہو چکے ہیں۔ چراغ پاسوان نے نتیش حکومت کی کارگزاری پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بہار میں ہو رہے واقعات پر اگر یہ کہا جائے کہ یہ انتخاب کی وجہ سے ہو رہے ہیں تو میں یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ ایسا ہو سکتا ہے۔ یہ حکومت کو بدنام کرنے کی سازش ہو سکتی ہے لیکن پھر بھی اس پر قابو کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ان سب کے درمیان میں حکومت وقت رہتے قدم اٹھائے۔ مجھے دُکھ ہے کہ میں ایسی حکومت کی حمایت کر رہا ہوں جہاں جرائم بے قابو ہو گئے ہیں۔

## 30 جولائی کو لانچ ہوگا زمین کی نگرانی کرنے والا پہلا سیٹلائٹ 'نسار'

سری ہری کوٹہ: انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن (اسرو) 30 جولائی کو 'نسار' (ناسا-اسرو سنتھیٹک اپرچر رڈار) مشن کے آغاز کے ساتھ ایک بڑی کامیابی حاصل کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ اسرو کے چیئرمین اور خلائی محکمہ کے سکریٹری ڈاکٹر وی نارائنن نے کہا کہ 30 جولائی کو ہم 'نسار' (ناسا-اسرو سنتھیٹک اپرچر رڈار) مشن شروع کرنے جا رہے ہیں۔ سیٹلائٹ کو ہندوستانی راکٹ کے ذریعہ مدار میں رکھا جائے گا۔ ہندوستانی خلائی تحقیقی ادارہ نے کہا کہ 'نسار' (اسرو اور ناسا کا پہلا مشترکہ زمین کا مشاہدہ کرنے والا سیٹلائٹ) 30 جولائی کو شام 5:40 بجے آندھرا پردیش کے سری ہری کوٹا میں واقع ستیش دھون خلائی مرکز سے لانچ کیا جائے گا۔ اس مشن کا بجٹ 12500 کروڑ روپے ہے۔ اسرو کے مطابق 'نسار' سیٹلائٹ کا لانچ دونوں خلائی ایجنسیوں کے درمیان ایک دہائی سے زیادہ طویل تعاون میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ اسرو نے بتایا کہ یہ سیٹلائٹ ہر 12 روز میں پوری زمین کا اسکین کرے گا، اور دن و رات تمام موسم میں ہائی ریزولوشن ڈیٹا فراہم کرے گا۔ سیٹلائٹ زمین کی سطح پر انتہائی باریک سے باریک تبدیلیوں کی نشاندہی کرنے کے قابل ہوگا، جیسے پودوں میں تبدیلی، برف کی چادروں کا کھسکنا اور زمین کی خرابی وغیرہ۔ اسرو نے یہ بھی کہا کہ اس مشن سے سمندری سطح کی نگرانی، جہازوں کا پتہ لگانا، طوفانوں پر نظر رکھنا، مٹی کی نمی میں تبدیلی، سطح آبی وسائل کی نقشہ سازی اور آفت کے نظام جیسے کئی اہم شعبوں میں معاون ہوگا۔ یہ سیٹلائٹ زلزلہ سے زمین میں آئی ہلکی دراڑیں یا برف کی چادروں میں ہونے والی تبدیلیوں کا بھی پتہ لگائے گا۔ جی ایس ایل وی-ایف 16 اس سیٹلائٹ کو 743 کلومیٹر اونچے سَن-سائنکرونس مدار میں رکھے گا، جس کا جھکاؤ 40.98 ڈگری ہوگا۔ 'نسار' زمین کی نگرانی کرنے والا پہلا سیٹلائٹ ہے اس میں 2 الگ بینڈ (ناسا کا ایل-بینڈ اور اسرو کا ایس-بینڈ) کے رڈار ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ گھنے جنگلات کے نیچے سے بھی ڈیٹا اکٹھا کرنے کے قابل ہوگا۔ 'نسار' سیٹلائٹ میں ایس اے آر کا استعمال کیا گیا ہے۔ اس تکنیک سے رڈار سسٹم کی مدد سے بہت اچھی تصویریں لی جا سکیں گی۔ اسی تکنیک کی مدد سے ہر 12 روز میں پوری زمین کی سطح کی ہائی ریزولوشن تصویریں لی جائیں گی۔

## آپ UPI پر اندھا دھند ادائیگی بند کر دیجئے

### ڈیجیٹل ادائیگی ہمیشہ مفت نہیں ہوگی: گورنر آر بی آئی سنجے ملہوترا




ممبئی: 26۔ جولائی (ایجنسیز)۔ ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر سنجے ملہوترا نے یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس (یو پی آئی) ادائیگی کے بارے میں بڑا اشارہ دیا ہے۔ انہوں نے جمعہ کو کہا کہ مستقبل میں یو پی آئی انٹرفیس کو مالی طور پر مزید مضبوط بنانے پر زور دیا جائے گا۔ اس کے ساتھ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں یہ ڈیجیٹل ادائیگی ہمیشہ مفت نہیں ہوگی۔ اس کیلئے چارج ادا کرنا پڑے گا۔ آر بی آئی کے گورنر نے ممبئی میں ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابھی یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس (UPI) سسٹم بغیر کسی فیس کے کام کر رہا ہے لیکن یہ زیادہ دیر تک نہیں چلے گا۔ سنجے ملہوترا نے کہا کہ اگرچہ حکومت اس کیلئے بینکوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو کچھ سبسڈی دیتی ہے۔ حکومت ایسا اس لیے کرتی ہے تاکہ UPI سسٹم ریئل ٹائم انفراسٹرکچر میں بغیر کسی رکاوٹ کے چل سکے۔ آر بی آئی کے گورنر نے مزید کہا کہ آج کے دور میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کو محفوظ بنانا بھی ضروری ہے اور ہمارا ملک ہمیشہ سے اس کیلئے پرعزم رہا ہے اور مستقبل میں بھی ایسا ہی رہے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ انفراسٹرکچر کی پائیداری کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ایسی صورت حال میں کسی کو رقم ادا کرنی پڑے گی۔ لوگ بلا امتیاز UPI ادائیگی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں ہر کوئی یو پی آئی کی ادائیگی اندھا دھند کر رہا ہے۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے سنجے ملہوترا نے اس سے جڑے اخراجات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف دو سالوں میں یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس (یو پی آئی) کا اعداد و شمار 31 کروڑ سے بڑھ کر 60 کروڑ ہو گیا ہے۔ اس رفتار نے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کیلئے دباؤ پیدا کیا ہے۔ حکومت ہند اس UPI ٹرانزیکشن کیلئے صارفین سے کوئی فیس نہیں لیتی ہے۔ اس کے ساتھ اس سے کوئی ریونیو بھی نہیں ملتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ (MDR) صفر ہے۔ اس حوالے سے اس انڈسٹری کے لوگوں کا ماننا ہے کہ اگر یہی صورتحال رہی تو زیادہ دیر نہیں چلے گی۔ ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر نے کہا کہ آنے والے دنوں میں شرح سود میں کمی پر غور کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مانیٹری پالیسی کا فیصلہ مستقبل کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے۔ اس میں مہنگائی کے موجودہ اعداد و شمار بہت اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کی موجودہ شرح 1.2 فیصد ہے۔

## ایشیا کپ 2025 کا شیڈول جاری

### 9 سے 28 ستمبر تک گا ٹورنامنٹ، ہندو پاک یکساں گروپ میں




ایشیائی کرکٹ کا 'مہا کمبھ' یعنی ایشیا کپ رواں سال ستمبر ماہ میں کھیلا جائے گا۔ ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے چیئرمین محسن نقوی نے اس کے لیے شیڈول کا آج اعلان کر دیا۔ حالانکہ مکمل شیڈول جاری نہیں کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ ٹورنامنٹ کی تفصیل بہت جلد جاری کی جائے گی۔ فی الحال یہ جانکاری دی گئی ہے کہ 'ایشیا کپ 2025' 9 ستمبر سے شروع ہوگا اور فائنل مقابلہ 28 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔ قابل ذکر ہے کہ حال ہی میں ہوئی ایشیائی کرکٹ کونسل کی میٹنگ میں ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش نے اپنے فیصلوں کو درکنار کرتے ہوئے ایشیا کپ میں کھیلنے کا فیصلہ لیا ہے۔ پہلے اس ٹورنامنٹ کی میزبانی ہندوستان کو ملی تھی، لیکن کچھ دن قبل بی سی سی آئی نے اسے نیوٹرل وینیو پر کرانے کی حامی بھر دی تھی۔ اس ٹورنامنٹ میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان 3 میچ کھیلے جانے کا امکان ہے، کیونکہ یہ دونوں ہی ٹیمیں یکساں گروپ میں ہیں۔ حالانکہ ہندوستان اور پاکستان کے میچ سے متعلق تذبذب کی حالت اب بھی برقرار ہے۔ اس سلسلے میں فی الحال کوئی آفیشیل جانکاری سامنے نہیں آئی ہے۔ بہرحال، کرکٹ شیدائیوں کے لیے یہ خبر خوش آئند ہے کہ ایشیا کپ 2025 کا آغاز 9 ستمبر سے ہونے والا ہے۔ میڈیا رپورٹس پر اعتبار کیا جائے تو ہندوستان اور پاکستان کا میچ ضرور دیکھنے کو مل سکتا ہے، کیونکہ اس بات کا خیال رکھتے ہوئے ہی ٹورنامنٹ کا انعقاد یو اے ای واقع دبئی اور ابوظبی میں کیا جا رہا ہے۔ اس بار ایشیا کپ میں مجموعی طور پر 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، اور ایسا پہلی بار ہوگا کہ اتنی زیادہ ٹیمیں شامل ہو رہی ہیں۔ یہ ٹیمیں ہیں ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش، افغانستان، سری لنکا، ہانگ کانگ، یو اے ای اور عمان۔ ایشیا کپ کا انعقاد پہلی مرتبہ 1984 میں ہوا تھا اور اب تک مجموعی طور پر 16 مرتبہ یہ ٹورنامنٹ کھیلا جا چکا ہے۔

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MJ
MUSKAN
JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

